1989ء سے مسلسل اشاعت | 18 تا 24 مارچ 2022 | شمارہ نمبر 12 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

BMG





بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper products

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINAR SPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINAR SPECTRA
## COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

پبلشر حرا رؤف

نے پرنٹرعبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف

ایڈیٹوریل بورڈ

پبلشر وایگزیکٹوایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیر انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک ٹمبر مارکیٹ کراچی

A/c-No: 010256027140112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

## پاکستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے درمیان ٹرانسپورٹ انٹرنیشنل روٹ معاہدہ پر عملدرآمد کا آغاز

پشاور (بزنس ڈیسک) پاکستان اور وسطی ایشیائی ممالک درمیان ٹرانسپورٹ انٹرنیشنل روٹ معاہدہ، پاکستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے درمیان ٹرانسپورٹ انٹرنیشنل روٹ (ٹی آئی آر) معاہدہ تحت پاک افغان سرحد طورخم کے راستے ایک سال کے دوران 80 سے زائد کنٹینرز کی باہمی تجارت کی گئی جبکہ طورخم سرحد پر زیر تعمیر ٹرانزٹ ٹرمینل منصوبہ کی تکمیل سے طورخم سرحدی گزرگاہ پورے خطے کے لئے تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنے گی، اس سلسلے میں ہفتے کے روز طورخم سرحدی گزرگاہ پر کسٹم حکام کے زیر اہتمام خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کے دوران ازبکستان سے درآمدی سامان لیکر براستہ افغانستان، طورخم سرحد پہنچنے والے ٹی آئی آر کنٹینر نمبر QAA 451 کا پاکستان میں داخل ہونے پر ایڈیشنل کلکٹر کسٹم محمد طیب سمیت دیگر کسٹم حکام اور تاجروں نے کنٹینر لانے والے ڈرائیور کا استقبال کیا اور ڈرائیور کو گلدستے پیش کئے، ایڈیشنل کلکٹر کسٹم محمد طیب نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ٹی آئی آر معاہدے کے تحت وسطی ایشیاء ممالک کے ساتھ باہمی تجارت گزشتہ سال سے جاری ہے تاہم اس میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے ایک سال کے دوران 80 سے زائد کنٹینرز پر مشتمل سامان کی درآمدات اور برآمدات ہوچکی ہے، ایڈیشنل کلکٹر کسٹم محمد طیب نے مزید کہا کہ طورخم میں زیر تعمیر ٹرانزٹ ٹرمینل کا منصوبہ اگلے سال مکمل ہوجائے گا۔ ٹرمینل بین الاقوامی معیار کے مطابق ہوگا جس کے نتیجے طورخم سرحدی گزرگاہ خطے کے تجارتی سرگرمیوں کا گیٹ وے ثابت ہوگا اور ملک کی محصولات میں خاطر خواہ اضافے کا باعث بنے گا۔ تقریب کے آخر میں کسٹم عملہ نے ٹی آئی آر کنٹینر کو کلیر کردیا جو بعدازاں لاہور کے لئے روانہ ہوگیا۔

## اپیما کے ممبران کو ممبرشپ کی تجدید کرانے کی ہدایت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام ممبران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی سالانہ ممبرشپ کی تجدید 31 مارچ 2022 تک کروالیں تاکہ انہیں ممبرشپ کے حوالے سے کسی بھی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اپیما کے جاری ہونے والے سرکلر میں کہا گیا ہے کہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے تحت ممبرشپ کی تجدید کرانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2022 مقرر ہے اور سالانہ ممبرشپ کی تجدید کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ سالانہ ممبرشپ کی تجدید کے حوالے سے پہلے ہی ممبران کو بل ارسال کیے جاچکے ہیں جن میں ممبران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سال 2022-23 کے لیے اپنی سالانہ ممبرشپ کی تجدید مقررہ تاریخ تک کروالیں۔ ممبرشپ کی تجدید کے لیے مقررہ فیس کے ہمراہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانا ہوگا۔ ایسوسی ایٹ کلاس کی ممبرشپ فیس 1000 روپے اور کارپوریٹ کلاس کی فیس 2500 روپے، جبکہ ممبرشپ کارڈ کے لئے 200 روپے علیحدہ سے ادا کرنے ہوں گے۔

## این سی او سی کا ملک میں تمام کورونا پابندیاں ختم کرنے کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (این سی او سی) کے سربراہ اسد عمر نے ملک بھر میں تمام کورونا پابندیاں ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے نیوز بریفنگ میں کورونا پابندیاں ختم کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ویکسین لگوانے کی پابندی برقرار رہے گی، کیونکہ کورونا ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوا، ہوسکتا ہے پابندیاں ختم کرنے سے وبا میں کچھ اضافہ ہو، لیکن ہم دوبارہ بھی اقدامات کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے این سی او سی کی ہدایات پر بہت حد تک عمل کیا، لہٰذا اجتنی پابندیاں لگائی تھیں وہ ختم کی جارہی ہیں، شادی کی تقریبات، مارکیٹس، بازاروں، آؤٹ ڈور ایونٹس، کھیلوں کی سرگرمیوں، مذہبی اجتماعات پر لگی تمام پابندیاں ختم کررہے ہیں۔ اسد عمر نے کہا کہ پاکستان میں کورونا وبا کا پھیلاؤ کم ہو رہا ہے اور کورونا کیسز میں مسلسل کمی آرہی ہے، اس لیے سوچ سمجھ کر معمول کی زندگی کی طرف جانے کا فیصلہ کیا ہے، اب اس وبا سے نکلنا ہے۔

☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229

## ایف بی آر پی اوایس کی تیسری قرعہ اندازی، لاکھوں کے انعامات تقسیم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پوائنٹ آف سیل کی تیسری قرعہ اندازی میں انعامات جیتنے والوں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پی او ایس کی تیسری قرعہ اندازی میں ایک ہزار خوش نصیب 50 ہزار فی کس انعام کے حق دار قرار پائے ہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے اس اقدام کا مقصد زیادہ سے زیادہ افراد کو ٹیکس کے دائرہ کار میں لانا اور ریٹیل کی سطح پر ٹیکس چوری کو روکنا ہے۔ پوائنٹ آف سیل انوائس ویری فیکیشن کی تیسری قرعہ اندازی میں دس لاکھ روپے کا ایک بمپر انعام 5 لاکھ روپے کو دو انعامات، ڈھائی لاکھ روپے کے 4 اور پچاس ہزار روپے کے ایک ہزار انعامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ دس لاکھ روپے کا بمپر انعام جیتنے والی خوش نصیب خاتون کا نام نسرین اختر ہے۔ جب کہ 5 لاکھ روپے کا انعام جیتنے والوں میں راحیل شہباز اور ساجد اسلم بھی شامل ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ”جعلی شناختی کارڈ پر لین دین“ کا مسئلہ بھی ایف اے ٹی ایف میں درپیش ہے، چیئرمین ایف بی آر

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین ڈاکٹر محمد اشفاق نے کہا ہے کہ جعلی شناختی کارڈز پر لین دین حکومت کے مذاکرات کاروں کے لیے فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) کے ساتھ بات چیت کرنا مشکل بنا دیتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ 35 کھرب روپے کے ٹیکسز سے متعلق کیسز جلد ہی نمٹائے جائیں گے کیونکہ عدلیہ نے اس مسئلے کو آؤٹ دی وے حل کرنے کا وعدہ کیا ہے۔لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایل سی سی آئی) میں تاجر برادری سے بات کرتے ہوئے ایف بی آر کے سربراہ نے کہا کہ جب جعلی شناختی کارڈز پر اتنے بڑے پیمانے پر کاروبار کیا جاتا ہے تو بین الاقوامی برادری کے ساتھ بحث کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ یہ صورتحال ایف اے ٹی ایف کے ساتھ مسائل کو پیچیدہ بناتی ہے اس لیے ایک لاکھ روپے اور اس سے زیادہ کی مصنوعات خریدتے وقت خریدار کو اپنے شناختی کارڈ کی نقل دینے میں کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔عدالتی مقدمات کے بارے میں بات کرتے ہوئے محمد اشفاق نے اسے سب سے اہم مسئلہ قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے اس سلسلے میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سمیت دیگر ججز سے ملاقاتیں کی ہیں۔چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ’ملاقات کے دوران میں نے انہیں بتایا کہ 35 کھرب روپے کے ٹیکسز سے متعلق کیس عدالتوں میں پھنسے ہوئے ہیں جنہیں نمٹایا جانا چاہیے جس پر مجھے یقین دلایا گیا کہ اس طرح کے تمام معاملات کو کچھ ہی عرصے میں حل کرلیا جائے گا، اس سلسلے میں اسلام آباد میں خصوصی بینچ بھی تشکیل دیا گیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ملک کو جی ڈی پی میں ٹیکس اور اخراجات کے درمیان فرق ختم کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ یہ صورتحال آئی ایم ایف اور دیگر اداروں سے قرض لینے پر مجبور کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری جی ڈی پی میں ٹیکس کی شرح تقریباً 12 فیصد ہے جب کہ جی ڈی پی میں اخراجات کا تناسب 20 فیصد ہے، اس فرق کو پُر کرنے کے لیے ہم قرض لیتے ہیں جو آخر کار ہمیں یا آنے والی نسلوں نے ادا کرنا ہیں، اس لیے ہمیں ٹیکس ادا کرتے ہوئے اپنے طرز زندگی اور کلچر کو بدلنا ہو گا۔انہوں نے مزید کہا کہ بین الاقوامی سطح پر آمدنی پر ہمیشہ ودہولڈنگ ٹیکس کا اطلاق ہوتا ہے لیکن پاکستان میں یہ بینک ٹرانزیکشن پر بھی لگایا جاتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ ٹیکس نہیں دیتے، ہم انکم ٹیکس کے نظام کی مضبوطی کے ساتھ اس عمل کو بتدریج ختم کر دیں گے۔محمد اشفاق نے تاجر برادری کو بتایا کہ جلد ہی مزید ٹیکسز کی چھوٹ واپس لی جائے گی اور ایک سے 2 سال میں ٹیکس کی شرح کو معقول بنایا جائے گا۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایف بی آر کا ریفنڈ سسٹم دنیا کے بہترین نظاموں میں سے ایک ہے اور ایس ٹی ریفنڈز 72 گھنٹے میں کلیئر ہو رہے ہیں، ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ آئندہ بجٹ میں ود ہولڈنگ ٹیکس کو معقول بنایا جائے گا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے لاہور چیمبر کے صدر میاں نعمان کبیر نے کہا کہ فنانس سپلیمنٹری ایکٹ 2022 میں ٹیکس لگانے کے مختلف اقدامات معیشت اور صنعت کی ترقی پر منفی اثرات مرتب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ درآمدی مشینری پر سیلز ٹیکس کی چھوٹ واپس لے لی گئی ہے جس سے بالآخر چھوٹے اور متوسط کاروبار اور برآمدات کو نقصان پہنچے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں میں کاروبار کرنے کی لاگت میں زبردست اضافہ ہوا ہے، جسے کم کرنے کے لیے ہمیں قابل تجدید توانائی، خاص طور پر شمسی توانائی کا حصہ بڑھا کر بجلی کی پیداوار کی لاگت کو کم کرنے کے لیے اپنے انرجی مکس کو متنوع بنانے کی ضرورت ہے، اس سلسلے میں سولر پینلز اور قابل تجدید توانائی کے آلات کی درآمد پر سیلز ٹیکس کی چھوٹ کو ختم کرنے کا اقدام ہمارے انرجی مکس کو زیادہ لاگت سے موثر بنانے کے مقصد کے حصول میں ایک بڑی رکاوٹ ثابت ہوسکتا ہے۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229

# پاک افغان وزارت تجارت نے ٹرانسپورٹرز کیلئے نئی پالیسی جاری کردی

## 100 ڈالر کی فیس ادا کر کے چار ماہ کا اجازت نامہ برائے ٹرک حاصل کیا جاسکے گا

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان اور افغان وزارت تجارت نے پاک افغان ٹرانسپورٹرز کی پاکستان اور افغانستان میں داخلے کے لیے نئی پالیسی جاری کردی ہے جو 21 مارچ 2022 سے موثر بہ عمل ہوگی۔ پاک افغان جوائنٹ چیمبر آف کامرس کے چیئرمین زبیر موتی والا نے کے مطابق نئی متفقہ پالیسی کے تحت افغان ٹرانسپورٹرز کابل میں پاکستانی سفارت خانے اور قندھار میں اس کے قونصل خانے سے عارضی داخلہ دستاویز (ٹی اے ڈی) حاصل کر سکیں گے جبکہ پاکستانی ٹرانسپورٹرز پشاور اور کوئٹہ میں افغان قونصل خانوں سے یہ دستاویز حاصل کر سکیں گے۔دونوں ممالک کے ٹرانسپوٹرز کو عارضی داخلہ کی دستاویز ”ٹی اے ڈی“ کی مدت چھ ماہ ہوگی جسے متعدد اندراجات کے لیے استعمال کیا جاسکے گا۔انھوں نے بتایا کہ یہ اقدام نہ صرف دونوں ممالک کے درمیان ایک دوسرے کے ٹرکوں کی آزادانہ نقل وحمل کی اجازت دے گا بلکہ خاص طور پر سینٹرل ایشین ممالک کے ساتھ ٹرانزٹ ٹریڈ کے لیے بھی نقل وحمل میں آسانی دونوں ممالک کے تجارتی اور اقتصادی تعلقات میں مزید بہتری لائے گی، ایک دوسرے کی مارکیٹوں تک رسائی، کاروبار کی لاگت میں کمی، روزگار پیدا کرنے کے ساتھ دونوں حکومتوں کی محصولات میں اضافہ ہوگا۔

# پاکستان افغانستان کے درمیان مال بردار ٹرکوں کی آزادانہ نقل وحرکت کی اجازت کا خیر مقدم

پشاور (بزنس ڈیسک) پاک افغان جائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر اور فرنٹیئر کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر ضیاء الحق سرحدی نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان مال بردار ٹرکوں کی آزادانہ نقل وحرکت کی عارضی اجازت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرکوں کی آزادانہ نقل وحرکت کی اجازت دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے فائدہ مند ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے دونوں ممالک کی تاجر برادری کو سرحد عبور کرنے کے بعد ایک گاڑی سے دوسری گاڑی میں سامان کی منتقلی سے چھٹکارا حاصل ہوگا جبکہ ماضی میں ہمارے مال جو کہ وسطی ایشیائی ممالک کے لئے پاکستانی ٹرکوں میں لوڈ ہو کر ایکسپورٹ کے لئے جاتے تھے وہ کابل سے آگے نہیں جاسکتے تھے اور کابل میں افغانی ٹرکوں میں یہ مال آگے وسطی ایشیائی ریاستوں کو بھیج دیا جاتا تھا کیونکہ ہمارے ٹرکوں کو صرف کابل تک جانے کی اجازت تھی۔اب نئے آرڈر کے مطابق ہمارے ٹرک کابل سے آگے اور اسی طرح افغانی ٹرک کراچی تک اپنا مال آزادانہ لے جا سکیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ روٹ پاس (اجازت نامہ) 6 ماہ کے لئے کارآمد ہوگا اور اس کی فیس 100 ڈالر ہوگی جبکہ ڈرائیور اور کنڈیکٹر کی اجازت 30 دن کے لئے ہوگی۔ ضیائ الحق سرحدی نے امید ظاہر کی کہ یہ ایک تاریخی پیشرفت ہوگی اور نہ صرف پاکستان اور افغانستان بلکہ پورے خطے بشمول وسطی ایشیائی ریاستوں میں کاروبار کے فروغ کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو ہموار کرے گی۔انہوں نے اس آرڈر کے اجرا میں وزارت تجارت کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ دونوں ممالک کی تاجر برادری کا دیرپا مطالبہ تھا۔اب ضرورت اس امر کی ہے کہ وزارت تجارت کے اس آرڈر کا ایف بی آر جلد سے جلد نوٹیفیکیشن کرے تا کہ 21 مارچ تک اس پر عمل درآمد ہو سکے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاغذ اور کاغذ بورڈ کی خرید و فروخت کے عمومی تجارتی قوانین

ترجمہ: علیم احمد

(2) انفرادی یونٹوں کی آزمائشی قدریں Test values آرڈر کردہ گرامیج کے لحاظ سے ذیل میں دیئے گئے جداول Tables کی ایک ٹن والی گنجائشوں کے اندر ہیں۔ دوسرے لفظوں میں کاغذ یا پیپر بورڈ کی گرامیج میں کمی بیشی صرف اور صرف اسی وقت قابل قبول ہوسکتی ہے جب وہ نیچے دیئے گئے جداول کے احاطے میں آئی ہو۔ اگر مال کی فراہمی میں دو یا زیادہ لاٹیں ہوں تو ہر لاٹ کا اصل گرامیج لازماً الگ الگ معلوم کیا جائے۔

نوٹ: درمیانی مقدار کے کاغذ کی لاٹ کے لئے خطی ملحقات کی مدد سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

## 6-معیار (Quality):

شیٹوں کی جسامت اور ریلوں کی چوڑائی، گنجائشیں کاغذ یا پیپر بورڈ کی کوئی ڈیلوری معاہدے کے مطابق میں کردہ تصور کی جائے گی اگر فراہم کردہ (جسامت شیٹوں کی صورت میں چوڑائی اور لمبائی، جبکہ ریلوں کی صورت میں چوڑائی، معاہدے میں طے کردہ جسامت سے ذیل میں بیان کردہ شرح سے زیادہ مختلف نہ ہو:

بغیر کٹی ہوئی 0.4+ فیصد، تاہم 3+ ملی میٹر سے زیادہ نہیں۔

کٹی ہوئی 0.2+ فیصد، تاہم 3+ ملی میٹر سے زیادہ نہیں۔

## ریلیں (کٹے ہوئے کناروں والی)

| | |
|---|---|
| 400 ملی میٹر | 2+ ملی میٹر |
| 400 ملی میٹر سے زیادہ لیکن | |
| 2000 ملی میٹر سے کم | 3+ ملی میٹر |
| 2000 ملی میٹر یا اس سے زیادہ | 5+ ملی میٹر |

نوٹ: کم از کم 95 فیصد پیمائشیں، وضاحت کردہ گنجائش کی حد میں ہونی چاہئیں۔

## 7-معیار (Quality) سے متعلق دعوی جات

(a) یہ خریدار کی ذمہ داری ہے کہ فراہم کردہ خرید کردہ) اشیاء کے معیار کی عملی کار (Processing) سے پہلے جانچ پڑتال کرے۔ اگر یہ معیار معاہدے کے مطابق نہیں ہے یا خریدار کے پاس اس بات کی ٹھوس وجہ موجود ہے کہ فراہم کردہ اشیاء (کاغذ) کا معیار کام میں مشکلات پیدا کرسکتا ہے تو خریدار کام شروع کرنے کی اس وقت تک اجازت نہیں دے گا جب تک وہ فروخت کنندہ سے تحریری یا ٹیلی مواصلاتی رابطے کے ذریعے اجازت (یقین دہانی) حاصل نہیں کرلیتا۔

اگر خریدار کو جاری کام کے دوران اشیاء میں کسی خامی کا علم ہو تو وہ اس خامی کی فوری اطلاع (نوٹس) ٹیلی مواصلات کے

**نوٹ**

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ دوم قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

پانچویں قسط: مورخہ 27 مارچ تا 2 اپریل 1996، شمارہ نمبر 14

چھٹی قسط: مورخہ 3 تا 9 اپریل، شمارہ نمبر 15

ساتویں قسط: مورخہ 10 تا 16 اپریل، شمارہ نمبر 16

آٹھویں قسط: مورخہ 24 تا 30 اپریل، شمارہ نمبر 17/18

ذریعے فروخت کنندہ کو کرے گا۔

(b) معیار میں خرابی کے متعلق کوئی دعوی، جس کی نوعیت کا تعین فروخت کنندہ کی دستاویزات یا فروخت کنندہ کے فراہم کردہ نمونے (Sample) سے کیا جاسکتا ہے خریدار کی جانب سے دستاویزات کا نمونہ وصول کرنے کے سات (7) روز کے اندر اندر دائر ہونا چاہئے۔

## معیار میں دوسری خامیوں (خرابیوں) کے بارے میں خریدار کے دعوی جات

(1) اگر اشیاء یا انکی پیکنگ کو دیکھنے سے ہی یہ خامیاں نظر آجائیں۔ تو دعوی فوراً دائر کیا جائے گا اس میں تاخیر کی گنجائش نہیں ہے۔

(2) اگر خامیوں کا تعلق گرامیج، سائز، رنگ، صفائی مضبوطی اور ایسے دوسرے پہلوؤں سے ہے جن کی دریافت مختلف نمونے لینے پر ہی ممکن ہو تو خامی کے دریافت ہوتے ہی دعوے دائر کئے جائیں تاہم یہ مدت تیس (30) روز سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔

(3) اگر خامیوں کی نوعیت ایسی ہو جو نہ تو دیکھنے پر معلوم ہو اور نہ ہی نمونے لینے سے دریافت ہوسکے تو جب بھی۔ خامی کی دریافت ہوتے ہی دعوے دائر کئے جائیں، البتہ یہ عرصہ تین (3) ماہ سے بڑھنا نہیں چاہئے۔

## خامیوں کی بنیاد پر دعوی دائر کرنے کی مدت 90 تا 7 یوم ہے

وقت کی یہ تمام مدتیں اس وقت سے شروع (calculate) کی جائیں گی جبکہ اشیاء ان کی منزل پر پہنچادی گئی ہوں۔

(c) دعوے کے متعلق نوٹس دیتے ہوئے خریدار کو نہ صرف اشیاء کی مکمل وضاحت کرنا ہوگی بلکہ اپنے دعوے کی بنیاد بننے والے حقائق بھی مکمل طور پر بیان کرنے ہوں گے۔ یہ نوٹس فروخت کنندہ کو بھیجا جائے گا اور اس کے ساتھ یا اس کے بعد جتنی جلد ممکن ہو سکے۔ ایسی دستاویزات بھی پیش کرنا ہوں گی جو اس دعوے کو تقویت (Support) دیتی ہوں۔ اس معاملے کے طے ہونے تک خریدار خرید کردہ اشیاء کو قبول کرتے ہوئے مناسب جگہ پر محفوظ رکھنے اور ان کا انشورنس کروانے کا ذمہ دار ہوگا تاکہ فروخت کنندہ اور خریدار دونوں کے مفادات محفوظ رہیں اور نقل وحمل سے لے کر گودام میں رکھنے تک کے وہ تمام اخراجات جو فروخت کنندہ نے برداشت کئے ہیں انہیں بھی پورا تحفظ حاصل رہے۔ دریں اثناء خریدار کی جانب سے دعوے کا قانونی معاہدے کی مدت کے دوران ہی بار برداری کے لئے استعمال ہونے والی گاڑی (گاڑیوں) کے مالکان کو بھی دیا جائے گا کیونکہ ہوسکتا ہے کہ آمدورفت کے دوران ہی اشیاء کا نقصان ہوگیا ہو۔

(d) اگر خریدار نے اوپر بیان کردہ نکات کے مطابق دعوے کا نوٹس دے دیا ہے اور فریقین معالے کو طے کرنے کے لئے کسی سمجھوتے پر متفق نہیں ہوئے تو پھر تنازعے کی ثالثی کرائی جائے گی۔ کم از کم نوے فیصد (90٪) اشیاء جن کا تعلق اس تنازعے سے ہے (فروخت کنندہ کو بغیر استعمال اور حالت خراب کئے بغیر فراہم کی جائیں گی تاکہ ثالثی (Arbiteration) کے لئے نمونہ جات حاصل کئے جائیں۔ خواہ خریدار کا مطالبہ کچھ بھی ہو اس شرط کو ضرور پورا کیا جائے۔ اگر خریدار نے اشیاء کو مسترد کردیا ہو تو اشیاء کے بارے میں اس کا دعوی صرف اس وقت تک ہی برقرار رہ سکتا ہے جب تک وہ اشیاء مذکورہ بالا شرط میں بیان کئے گئے تناسب کے مطابق غیر استعمال شدہ اور غیر خراب شدہ حالت میں باقی ہوں۔

(e) اگر کوئی فراہم کردہ لاٹ یا اس کا کوئی حصہ نکات نمبر 5 یا 6 میں مقدار اور معیار کی بیان کردہ گنجائش کی شرط پر پورا نہ اترتا ہو یا فروخت کنندہ کے فراہم کردہ نمونے سے اس کا معیار بہت مختلف ہو تو ثالث اس تمام لاٹ، اس کے خراب حصے کو مسترد کرسکتا ہے اور لاٹ کا بقیہ درست حصہ خریدار استعمال کرسکتا ہے۔ اگر کوئی لاٹ خامیوں کے باوجود خریدار کے عمومی استعمال میں کارآمد اور قابل استعمال ہے تو حالت وہ لاٹ یا لاٹ کا ایسا حصہ مسترد کرنے کا مجاز نہیں۔ ایسی لاٹس یا لاٹ کے حصے کے لئے ثالث معاہدے کے تحت طے ہونے والی قیمت میں کمی کرسکتا ہے۔ تاہم فروخت کنندہ یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ لاٹ کی قیمت میں کمی کے بجائے اس پوری لاٹ یا اسکے متاثرہ حصے کو مسترد (واپس) کرنے کے لئے دعوی کرے۔

(f) اگر ثالث نمونے لینے کا حکم دیتے ہیں تو یہ عمل اور جانچ پڑتال کا کام سرکاری طور پر منظور شدہ معیاری طریقے پر انجام دیئے جائیں گے۔ البتہ فروخت کنندہ کو اس موقع پر اپنا نمائندہ مقرر کرنے یا خود موجود ہونے کا حق حاصل ہے۔

(جاری ہے)



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

**Importer : Paper & Paper Board**

## Deals in:

**OFFSET PRINTING**
**PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com


Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

## FOR BOOKING CONTACT

IBM TM

ISO 9001.2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پنجاب میں سیلز ٹیکس کے خلاف تاجر برادری سراپا احتجاج

ملتان (بزنس ڈیسک) حکومت کی جانب سے لگائے گئے سیلز ٹیکس کے خلاف تاجر برادری سراپا احتجاج ہے ٹیکس کو ظالمانہ قرار دیتے ہوئے انجمن تاجران کی جانب سے سٹی چوک میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ انجمن تاجران کے زیر اہتمام سیلز ٹیکس کے نفاذ کیخلاف سٹی چوک میں احتجاجی مظاہرہ ضلعی صدر شیخ فضل الٰہی۔ سٹی صدر چوہدری ساجد سدھو۔ محمد ناصر مہار۔ ملک ریاض سمیت دیگر تنظیموں کے عہدیداران وتاجروں کی بھرپور شرکت اس موقع تاجر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 17 فیصد سیلز ٹیکس کا نفاذ تاجروں کے معاشی قتل کے مترادف ہے، مہنگائی سے مجبور تاجروں پر مزید ٹیکس چولہے ٹھنڈے کرنے کے مترادف ہے، حکومت ظالمانہ ٹیکس واپس لیکر تاجروں پر رحم کرے، ظالمانہ جبری ٹیکس واپس نہ لیا گیا تو احتجاج جاری رہے گا۔ دریں اثناء ملتان میں بھی آل پاکستان انجمن تاجران، چیمبرز آف اسمال ٹریڈرز نے پوائنٹ آف سیلز، پی او ایس مشین، جبری سیلز ٹیکس کے نفاذ کے خلاف مزاحمتی تحریک چلانے کا اعلان کر دیا اور 9 مارچ 2022 کو احتجاجی ریلی کے موقع پر آر ٹی او ٹیکس کے دفتر کے سامنے دکانوں کی چابیاں پھینک دیں اور ایک گھنٹہ تک دھرنا دیا احتجاجی ریلی کے موقع پر مظاہرین نے ہم نہیں مانتے ظلم کے یہ ضابطے، پوائنٹ آف سیلز، پی او ایس مشین، جبری سیلز ٹیکس نامنظور، تاجروں کا معاشی قتل بند کرو، مہنگائی کا خاتمہ کرو، قدم بڑھاؤ خواجہ شفیق ہم تمھارے ساتھ ہیں کے نعرے لگائے احتجاجی ریلی کے پیش نظر آر ٹی او انتظامیہ کے گیٹ بند کر کے تالے لگا دیئے۔ 9 مارچ 2022 کو نواں شہر چوک زینتھ پلازہ سے آل پاکستان انجمن تاجران، چیمبرز آف اسمال ٹریڈرز کے زیر اہتمام پوائنٹ آف سیلز، پی او ایس مشین، جبری سیلز ٹیکس کے نفاذ کے خلاف آر ٹی او آفس کے دفتر تک احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کی قیادت چیئرمین آل پاکستان انجمن تاجران، چیمبرز آف اسمال ٹریڈرز کے سرپرست اعلیٰ خواجہ محمد شفیق، سٹی صدر و آل پاکستان انجمن تاجران ٹیکس ریفارم کمیٹی کے چیئرمین ظفر اقبال صدیقی، سٹی چیئرمین احتشام الحق، ضلعی صدر شیخ طاہر امجد، وائس چیئرمین ملک طاہر ڈوگر، جنرل سیکریٹری عزیز الرحمن انصاری نے کی۔








ملتان۔ چیمبر آف اسمال ٹریڈرز ملتان کے زیر اہتمام پوائنٹ آف سیلز، پی او ایس مشین، جبری سیلز ٹیکس کے نفاذ کے خلاف احتجاجی ریلی و ریجنل ٹیکس آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ و دھرنا سے خواجہ محمد شفیق، ظفر اقبال صدیقی، احتشام الحق، شیخ طاہر امجد، عزیز الرحمن انصاری، خواجہ یاسر اشفاق، شاہد عالم قریشی، ملک اختر حسین، ملک طاہر ڈوگر، شفقت رضا ملک خطاب کر رہے ہیں دوسری جانب تاجر دکانوں کی چابیاں ریجنل ٹیکس آفس کی جانب پھینک رہے ہیں اور دھرنا دیئے بیٹھے ہیں۔

## ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں 74 فیصد کا نمایاں اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 73.43 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق جولائی سے لیکر جنوری 2022 تک کی مدت میں درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 1.365 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 73.43 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 729.95 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ جنوری 2022 میں درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کے ضمن میں 173.60 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو جنوری 2021 میں 116.16 ملین ڈالر تھا، مالی سال 2021 میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات کی مد میں 1.408 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا تھا۔ واضح رہے کہ جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں پاکستان کی درآمدات کا حجم 42.84 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا ہے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 27.62 ارب ڈالر تھا۔

## ٹرانسپورٹ خدمات کی برآمدات اور درآمدات میں اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملک سے ٹرانسپورٹ خدمات کی برآمدات اور درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں ٹرانسپورٹ خدمات کی برآمدات میں 23.29 فیصد اور درآمدات میں 100.32 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق جولائی 2021 سے لیکر جنوری 2022 تک کی مدت میں ٹرانسپورٹ خدمات کی برآمدات سے ملک کو 434 ملین ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پلیچ بورڈ، مقامی و درآمدی آفسیٹ، کاربن لیس، آرٹ پیپر و کارڈ، فوٹو کاپی پیپر اور مقامی ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی تیزی دیکھنے میں آئی اور 16 مارچ 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا، مقامی آفسیٹ چناب، فائیو اسٹار، آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا، آرٹ کارڈ جاپان، نیو یا آرٹ پیپر، آرٹ پیپر میٹ چائنا، آرٹ پیپر جاپان، ایل ڈبلیو سی جاپان، کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار اور امپریشن ڈاٹ، درآمدی پلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چیئمنگ، پنڈو ڈیلی، مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ بریف کارڈ انڈونیشیا کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 310 روپے سے بڑھ کر 330 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 305 روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120، 150، 180، 210، 230، 235 اور 265 گرام، 365 روپے سے کم ہو کر 340 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 295 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 295 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔115 اور 128 گرام، 285 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 288 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیو سی جاپان تمام سائز 60 گرام، 258 روپے سے بڑھ کر 265 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 4500 روپے سے بڑھ کر 4600 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 4500 روپے سے بڑھ کر 4600 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 113 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی پلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 305 روپے سے بڑھ کر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ پلیچ بورڈ چیئمنگ تمام سائز تمام گرام 305 روپے سے بڑھ کر 355 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ پلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 298 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 315 روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا تمام سائز 70، 80 اور 100 گرام، 280 روپے سے کم ہو کر 260 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 142 روپے، تمام سائز 53 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 160 روپے، تمام سائز 60 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 160 روپے، تمام سائز 63 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 160 روپے، تمام سائز 68 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 160 روپے، تمام سائز 60 گرام، 162 روپے سے بڑھ کر 170 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 710 روپے سے بڑھ کر 725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B_70 گرام، 760 روپے سے بڑھ کر 800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 730 روپے سے بڑھ کر 735 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 860 روپے سے کم ہو کر 850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 740 روپے سے بڑھ کر 750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 730 روپے سے بڑھ کر 740 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A_13.5_70 گرام، 890 روپے سے بڑھ کر 900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رپورٹ برازیل 80 گرام، 800 روپے سے بڑھ کر 825 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 695 روپے سے بڑھ کر 725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A4 سائز 680 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیپلز آسٹریلیا 75 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ٹریڈ لائسنس کا معاملہ ایڈمنسٹریٹر کراچی کے سامنے اٹھائیں گے، عامر خورشید

کراچی (نیوز ڈیسک) سیکریٹری صنعت و تجارت سندھ عامر خورشید نے سائٹ ایریا کراچی کے صنعتکاروں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ ٹریڈ لائسنس کے اجراء کا معاملہ ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کے سامنے اٹھائیں گے۔

### ☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

**0308-2933229**


**CARBONLESS** WHITE & COLOUR 24 X 34 23 X 36

**CB + CFB + CF CARD** **Colour Cards** **COPY PAPER A4**

**CHAND TRADERS**

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# تاجروں کو سو فیصد سیلز ٹیکس ان پٹ کی اجازت دی جائے، لاہور چیمبر

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو پر زور دیا ہے کہ وہ پی او ایس سسٹم میں رضا کارانہ طور پر رجسٹرڈ ہونے والے تاجروں کو سو فیصد ان پٹ کی اجازت دے۔ تاجروں کے وفد سے ملاقات میں لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر میاں رحمن عزیز چن اور نائب صدر حارث عتیق نے کہا متعدد تاجروں نے شکایت کی ہے کہ انہوں نے متعلقہ کمشنر ان لینڈ ریونیو کے ساتھ کیے گئے کمٹمنٹ کے مطابق رضا کارانہ طور پر پی او ایس مشینیں لگوائیں، بعدازاں انہوں نے فیصد ان پٹ کی اجازت دینے کی درخواست کی لیکن ٹیکس دہندگان کو ابھی تک اس سلسلے میں کوئی رعایت نہیں دی گئی، تاجروں نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور چیف کمشنر کو خطوط لکھے ہیں لیکن تاحال کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مسئلے کی وجہ سے تاجر اپنے سیلز ٹیکس ریٹرن فائل کرنے سے قاصر ہیں۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ تاجروں نے شکایت کی ہے کہ سیلز ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے کی وجہ سے فیلڈ فارمیشن افسران انہیں پریشان کر رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جو تاجر تین ماہ کے اندر سیلز ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کریں گے وہ سیلز ٹیکس سسٹم سے خود بخود ڈی رجسٹر ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس میں توسیع کے اہداف حاصل کرنے کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو موجودہ ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا ہوگی۔ انہوں نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو پر زور دیا کہ وہ اس مسئلے کو فوری طور پر حل کرے۔

## سنگل ٹیکس نظام کے ذریعے 10 ہزار ارب کا ہدف حاصل کیا جا سکتا ہے، لاہور ٹیکس بار

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر جمیل اختر بیگ نے کہا ہے کہ حکومت سنگل ٹیکس نظام کے ذریعے 10 ہزار ارب کا ہدف باآسانی حاصل کر سکتی ہے، پنجاب ریونیو اتھارٹی نے 25 خدمات پر 16 کی بجائے 5 فیصد ٹیکس لگا کر چار گنا زیادہ آمدن کو یقینی بنایا ہے، نیشنل سیلز ٹیکس ریٹرن میں ان پٹ اور آؤٹ پٹ کا معاملہ حل طلب ہے۔ وہ 14 مارچ 2022 کو اپنے دفتر میں لاہور ٹیکس بار کے عہدیداران اور ممبران سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر لاہور ٹیکس بار کے نائب صدر حسیب اللہ خان، جنرل سیکرٹری سید عرفان حیدر، رانا ذوالفقار، قدیر آصف کھوکھر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ پلیٹ فارم سے رجوع کرنے کے باوجود ایف بی آر آج تک ورکر ویلفیئر فنڈز کی تفصیلات دینے سے گریزاں ہے، ہمیں بتایا جائے اس مد میں جمع ہونے والی اتنی بڑی رقم کس مد میں خرچ ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 10 ہزار ارب سے زائد ٹیکس وصولی کا خلاء موجود ہے مگر محکمے کا خوف اور نہ سمجھ آنے والے ٹیکس قوانین معیشت کی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہیں، ٹیکس نظام میں انقلاب لانے کیلئے حکومت کو ٹیکس نظام اور قوانین کا ازسرنو جائزہ لینا ہوگا جس کیلئے ٹیکس بارز، چارٹرا کاؤنٹنٹس فرمیں اور چیمبرز کی شمولیت کو یقینی بنا کر سٹرکچر بنایا جا سکتا ہے۔

## کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر نئی ریکارڈ سطح پر

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں منگل 15 مارچ 2022 کو روپے کے مقابلے ڈالر نئی ریکارڈ سطح پر بند ہوا جس کے باعث روپے کی قدر میں گراوٹ کا رجحان رہا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 15 مارچ 2022 کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر 20 پیسے مہنگا ہو گیا جس کے بعد ڈالر کی قیمت خرید 179 روپے سے بڑھ کر 179.20 روپے اور قیمت فروخت 179.10 روپے سے بڑھ کر 179.30 روپے ہو گئی اسی طرح 30 پیسے کے اضافے سے مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 179 روپے سے بڑھ کر 179.30 روپے اور قیمت فروخت 179.50 روپے سے بڑھ کر 179.80 روپے ہو گئی۔ ریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 1 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے یورو کی قیمت خرید 194 روپے سے بڑھ کر 195 روپے اور قیمت فروخت 196 روپے سے بڑھ کر 197 روپے ہو گئی اسی طرح 1.50 روپے کے نمایاں اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 231 روپے سے بڑھ کر 232 روپے اور قیمت فروخت 233 روپے سے بڑھ کر 234.50 روپے ہو گئی۔

## ایمنسٹی سکیم سے قانونی سقم دور کیے جائیں، پاکستان ٹیکس بار

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ اگر حکومت معاشی بہتری کیلئے سنجیدہ ہے تو ایمنسٹی سکیم کا ازسرنو جائزہ لے اور قانونی سقم دور کیے جائیں۔ یہ ایمنسٹی سکیم کی کامیابی میں بڑی رکاوٹ، جنہیں دور کرنا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر رانا منیر حسین اور سیکرٹری جنرل قمر الزمان چودھری نے ایمنسٹی سکیم پر ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں ملک بھر سے ٹیکس بارز کے عہدیداروں اور ممبران نے شرکت کی۔ ویبینار میں شرکاء نے ایمنسٹی سکیم کے مسودے میں پائی جانے والی خامیوں کی نشاندہی اور اس میں بہتری کی تجاویز دیں۔ رانا منیر حسین اور قمر الزمان چودھری نے کہا کہ ایمنسٹی سکیم میں سخت اور بے جا شرائط کا خاتمہ کیا جائے تو یہی سکیم معیشت کیلئے انقلابی ثابت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت سٹیک ہولڈرز اور ٹیکس بارز کی مشاورت کو یقینی بنائے۔

## گلگت بلتستان نے براہ راست ٹیکس سے استثنیٰ مانگ لیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) گلگت بلتستان حکومت نے مکمل آئینی صوبہ کے قیام تک جی بی کو براہ راست ٹیکس سے استثنیٰ مانگ لیا۔ گلگت بلتستان حکومت نے مکمل صوبہ تک جی بی کو گندم و پٹرولیم پر سبسڈی برقرار رکھنے کے ساتھ ایئر مکس کے تحت گیس سپلائی پر بھی سبسڈی کا مطالبہ کر دیا، گلگت بلتستان کو ہائیڈرو پاور جنریشن پر رائلٹی اور واٹر یوزر چارجز دینے، پی ٹی ڈی سی کے تمام پراپرٹیز و اثاثے جی بی حکومت کو منتقل کرنے، جی بی کونسل اکاونٹس میں موجود فنڈ گلگت بلتستان ایڈمنسٹریٹیو اکاونٹ میں منتقل کرنے کی تجویز پیش۔ 1985 کے پاک چائنہ پروٹوکول کے تحت جی بی کے لوگوں کو بارڈر پاس کے ذریعے سنکیانگ صوبہ تک تجارتی مقاصد کیلئے سفر کی اجازت برقرار رکھنے اور خیبر پختونخوا کے ساتھ شندور تنازع کو جغرافیائی و تاریخی ریکارڈز کے مطابق حل کرنے کی تجویز دیدی۔ گلگت بلتستان عبوری صوبہ کے قیام کے بعد کے خدوخال طے کرنے کیلئے ٹرانزیشنل پلان تیار کرنے کیلئے قائم کمیٹی کی سفارشات سامنے آ گئی۔ جی بی حکومت نے ٹرانزیشنل پلان کو حتمی شکل دیکر وفاقی حکومت کے حوالے کر دیا ہے جن پر اب شق وار وفاقی حکومت کے ساتھ مشاورت جاری ہے۔ دستیاب ٹرانزیشنل پلان کے مطابق گلگت بلتستان حکومت و کمیٹی ممبران نے ٹرانزیشنل پلان میں تجویز دی ہے کہ مکمل آئینی صوبہ کے قیام تک گلگت بلتستان کو براہ راست ٹیکس سے استثنیٰ دی جائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروں کی بکنگ پر 17 فیصد ٹیکس کو 12 فیصد کرنے کا فیصلہ برقرار

## بکنگ کے وقت ٹیکس 17 فیصد تھا جبکہ ڈیلیوری کے وقت 12 فیصد، وفاقی محتسب نے 5 فیصد ٹیکس واپس کرایا، صدر مملکت نے بھی ایف بی آر کی اپیلیں مسترد کردیں

لاہور(نیوز ڈیسک)وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے کہا ہے کہ مقامی کاروں کی بکنگ پر عوام کو ساڑھے 17 فیصد ٹیکس دینا پڑا لیکن ڈیلیوری کے وقت ٹیکس 12 فیصد کر دیا گیا تھا، ہم نے اسے ناجائز قرار دیتے ہوئے 5 فیصد اضافی ٹیکس واپس کرنے کا حکم دیا۔ان فیصلوں کے خلاف ایف بی آر صدر مملکت کے پاس اپیل میں گیا۔ صدر نے ایک ساتھ تمام 25 اپیلیں مسترد کردیں، اس سے لاکھوں لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ایک صحافی کی درخواست پر ایکشن لیتے ہوئے چھ لاکھ روپے سے کم آمدنی پر 10 فیصد (فائلر) اور 20 فیصد (نان فائلر) کی ٹیکس کٹوتی کو غیر قانونی قرار دیا، اسکا فائدہ تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں ایڈوائزری کمیٹی کے بجٹ تجاویز کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ساڑھے چار ماہ میں ہم نے تقریباً پندرہ سو کیسوں کا فیصلہ کرلیا۔ وفاقی ٹیکس محتسب کے ادارے نے ایک ایسا کیس پکڑا، ایف بی آر نے 12 کروڑ روپے کے ناجائز ریفنڈ جاری کیے تھے، چار حاضر سروس افسروں کیخلاف ہم نے ایکشن تجویز کیا۔سرگودھا، سیالکوٹ، سکھر اور ایبٹ آباد میں نئے دفاتر قائم کیے، 28 فروری کو موبائل ایپلی کیشن بھی لانچ کردی گئی۔

# اسٹیٹ بینک کی حالیہ مانیٹری پالیسی پر تنقید

